غیر ضروری باتوں سے حتی الوسع اجتناب کیا گیا ہے، صرف ان امور پر اکتفا کیا گیا جن کا ذکر زیر بحث مسئلے کو سمجھنے کے لئے ضروری تھا، کتاب کا مطالعہ اہل علم عوام اور شیعہ مذہب سے وابستہ منصف مزاج لوگوں کے لئے بھی سود مند ثابت ہوگا، کتاب کی طباعت واشاعت کا فریضہ دور الکتاب لاہور نے سرانجام دیا ہے اور انہوں نے اس میں اپنے عمدہ معیار کو برقرار رکھا ہے۔

☆☆☆

احکام الحجاج، مؤلف: مفتی محمد طاہر مسعود، ناشر، المیزان، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور، صفحات: ۳۲۴، قیمت: درج نہیں۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب حج کے احکام ومسائل سے متعلق تالیف کی گئی ہے، حج کی دیگر کتابوں کی بنسبت اس میں مؤلف نے بعض ایسے امور کا اہتمام کیا ہے جو عام حاجیوں کے لئے سہولت کا باعث ہیں، اور سفر حج میں پیش آنے والی مشکلات میں آسانی پیدا کرنے والی ہیں، مؤلف پیش لفظ میں لکھتے ہیں:

کافی عرصہ سے ایک ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی جس میں بحالات موجودہ حج کے احکام ومسائل کو اور حج کی تینوں اقسام، قرآن، تمتع اور افراد کا مکمل طریقہ گھر سے نکلنے سے لے کر واپسی تک بیان کیا گیا ہو، انداز بیان تمام فہم اور آسان ہو، مناسک حج اور متعلقہ اہم عنوانات کے مسائل، ادائیگی کا طریقہ اور ان کی شرائط، فرائض، واجبات سنن، مستحبات وآداب، مکروہات ومحرمات کو قدرے تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہو، تاکہ حجاج کرام کو ہر حکم کی شرعی حیثیت معلوم ہوسکے۔ خانقاہ سراجیہ کندیاں سے وابستہ کافی حضرات کے حج گروپ ہیں، جن کے ساتھ ہر سال سینکڑوں مسلمان حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرتے ہیں، مخدوم زادہ مکرم حضرت مولانا خلیل احمد صاحب دامت برکاتہم نے اس ضرورت کا احساس فرماتے ہوئے بندہ کو اس موضوع پر لکھنے کا حکم فرمایا، بندہ نے تعمیل حکم کو سعادت سمجھتے ہوئے حامی بھرلی اور بنام خدا کام شروع کردیا..................

کتاب سے استفادے کو مزید آسانی بنانے کے لئے حج کی تینوں اقسام قرآن، تمتع اور افراد میں سے ہر ہر قسم کا مکمل طریقہ علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے، اس سے اگرچہ کتاب میں بعض جگہ تکرار ہوگیا ہے لیکن حجاج کرام کے لئے اس میں آسانی ہے کہ انہیں متعلقہ حج کا مکمل طریقہ یکجا مل جائے گا اور بار بار اِدھر اُدھر ورق گردانی کی زحمت نہیں اٹھانی پڑیگی۔"

حج کی تینوں اقسام کے مسائل بیان کرنے کے بعد ہر قسم کے آخر میں اس کے نقشہ بھی دے دیا گیا ہے جس سے متعلقہ قسم کی تمام افعال کا اجمالی خاکہ سامنے آجاتا ہے، کتاب کو سلیقہ مندی کے ساتھ غیر مجلد چھاپا گیا ہے۔

☆☆☆